ہارٹلے پول میں بیت الذکر کا افتتاح اور تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان

بیوت الذکر خالصۃً اللہ کے ذکر کیلئے ہوتی ہیں ان میں لباس تقویٰ کے ساتھ جانے کا حکم ہے

تحریک جدید کی مالی قربانی میں دنیا بھر میں پاکستان اول، امریکہ دوم اور برطانیہ سوم رہا۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ مورخہ 11 نومبر 2005ء بمقام بیت الناصر ہارٹلے پول (برطانیہ) کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 11 نومبر 2005ء کو ''بیت الناصر'' ہارٹلے پول (برطانیہ) میں خطبہ جمعہ ارشاد فرما کر اس کا افتتاح کیا اور تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان فرمایا۔ احمدیہ ٹیلی ویژن نے ہارٹلے پول سے یہ خطبہ براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا اور متعدد زبانوں میں رواں ترجمہ بھی نشر کیا۔

حضور انور نے سورۃ الاعراف کی آیات نمبر 27 اور 32 کی تلاوت فرمائی جن کا ترجمہ یہ ہے۔ اے بنی آدم! یقیناً ہم نے تم پر لباس اتارا ہے جو تمہاری کمزوریوں کو ڈھانپتا ہے اور زینت کے طور پر ہے اور رہا تقویٰ کا لباس! تو وہ سب سے بہتر ہے۔ یہ اللہ کی آیات میں سے کچھ ہیں تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ اے ابنائے آدم! ہر سجدہ گاہ میں اپنی زینت (یعنی لباس تقویٰ) ساتھ لے جایا کرو۔ اور کھاؤ اور پیو لیکن حد سے تجاوز نہ کرو۔ یقیناً وہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

حضور انور نے فرمایا آج ہمیں اللہ تعالیٰ نے توفیق دی کہ ملک کے اس حصے (ہارٹلے پول) میں بیت الذکر تعمیر کریں۔ انصار اللہ یو۔ کے کی ذمہ داری تھی کہ اس کی تعمیر کا خرچ ادا کریں الحمد للہ کہ انہوں نے کھلے دل کے ساتھ اس کیلئے مالی قربانی دی اس کا بہت سا کام وقار عمل کے ذریعہ ہوا۔ رضا کاروں نے دن رات کام کر کے ناممکن کام کو ممکن بنا دیا۔ یہ حضرت مسیح موعود کی جماعت کی قربانیوں کے نمونے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو اس کی جزاء دے۔

بیت الذکر تو بن گئی مگر ہماری ذمہ داریاں بھی بڑھ گئی ہیں کہ ہمارے دل اللہ کے آگے جھکے رہیں۔ دنیا کا کوئی لالچ اور مصروفیت خدا کی عبادت سے غافل نہ کرے۔ پانچوں وقت نماز باجماعت ادا کرنے والے ہوں تا کہ اپنی پیدائش کے مقصد کو پورا کرنے والے بن جائیں بیوت الذکر اللہ کی عبادت اور اس کے حکموں پر عمل کرنے کیلئے بنائی جاتی ہیں۔ یہ احمدی کی شان کے خلاف ہے کہ دنیا کی مصروفیتیں یا کام اور بہانے اسے بیت الذکر آنے سے روک دیں۔ تمام مردوں اور دس سال کے بچوں کو باجماعت نماز کی ادائیگی کیلئے یہاں آنا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا جو آیات میں نے تلاوت کی ہیں ان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ لباس تمہاری جسمانی کمزوریوں کو ڈھانپتا ہے لیکن اصل لباس تقویٰ کا ہے جو روحانی کمزوریوں کو ڈھانپتا اور روحانی حسن کو بڑھاتا اور نکھار پیدا کرتا ہے اس لئے اللہ کا حکم ہے کہ بیت الذکر میں اپنی زینت یعنی تقویٰ کے لباس کے ساتھ جایا کرو۔

حضور انور نے فرمایا کہ چونکہ غذاؤں کا اثر اخلاق اور روح پر بھی ہوتا ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے کھانے پینے میں حد سے تجاوز کرنے سے بھی منع فرمایا اور بتایا ہے کہ اسراف کرنے والوں کو اللہ پسند نہیں کرتا۔ حضور انور نے فرمایا کہ تحریک جدید میں ایک فنڈ بیوت الذکر کی تعمیر کیلئے ہوتا ہے جس میں ہر خوشی کے موقع پر چندہ دیا جاتا ہے خصوصاً طلباء امتحان پاس کرنے کی خوشی میں اس میں ادائیگی کرتے ہیں۔ اگر تمام دنیا کے احمدی طلباء کو والدین اور ذیلی تنظیمیں توجہ دلائیں تو جہاں بچوں کو مالی قربانی کی عادت پڑے گی وہ اپنے مستقبل کو بھی سنوار رہے ہوں گے۔ اور اللہ انہیں کئی قسم کے فکروں سے بھی آزاد کر دے گا۔

حضور نے ڈاکٹر حمید احمد خان صاحب اور ان کی اہلیہ ساجدہ حمید صاحبہ کا بہت محبت اور پیار سے تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ان کے ذریعہ جماعت یہاں قائم ہوئی۔ ان کی روحیں آج اس بیت الذکر کے افتتاح سے خوش ہو رہی ہوں گی۔ اللہ ان کے درجات بلند فرمائے۔

حضور انور نے تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ تحریک جدید کا مقصد بھی یہی ہے کہ دنیا کے چپہ چپہ میں خدا کے گھر تعمیر کئے جائیں۔ شاملین تحریک جدید دلی جوش اور جذبے کے ساتھ رضاء الٰہی کے حصول کیلئے مالی قربانی میں حصہ لیتے ہیں۔ گزشتہ سال تحریک جدید کے دفتر اول کے شاملین کے کھاتے زندہ کرنے کی طرف میں نے توجہ دلائی تھی چنانچہ قریباً 3500 کھاتے ان کے ورثاء کی طرف سے ادائیگی کے بعد زندہ ہو گئے ہیں۔ تحریک جدید کی مالی قربانی کے لحاظ سے دنیا بھر میں پاکستان اول، امریکہ دوم، برطانیہ سوم اور جرمنی چہارم رہا ہے۔ افریقی ممالک میں نائیجیریا اول رہا ہے۔ تحریک جدید کے کل شاملین کی تعداد 4 لاکھ 42 ہزار ہے اس میں 24 ہزار سے زائد نئے مجاہدین ہیں۔ پاکستان کی جماعتوں میں اول لاہور، ربوہ دوم اور کراچی سوم رہا ہے۔ جبکہ اضلاع میں سیالکوٹ، میرپور اور بہاولنگر بالترتیب اول دوم، سوم رہے۔ حضور انور نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مالی قربانی کرنے والے شاملین تحریک جدید کے اموال ونفوس میں برکت دے۔